Nestlé

Good Food, Good Life

لازمی
اصول
جون 2010ء

# نیسلے کارپوریٹ کے
# کاروباری اصول



مصنف/اجراء کا ڈیپارٹمنٹ

چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر

ہدف ناظرین

تمام ملازمین

اصول متعلقہ گروپ/پالیسیاں، معیار یا ہدایات

برائے کاروباری طرزِ عمل (Code of Business Conduct)
نیسلے انتظام اور قیادت کے اصول

مخزن

سب نیسلے اصول و پالیسیاں، معیار اور ہدایات آن لائن دیکھی جاسکتیں ہیں
http://intranet.nestle.com/nestledocs

تاریخ اشاعت:

جون 2010ء

کاپی رائٹ اور رازداری

اس دستاویز کا مواد مناسب اجازت کے بغیر دوبارہ اشاعت نہیں کیا جاسکتا۔
جملہ حقوق: Nestec Limited, Vevey 1800, Switzerland
سے تعلق رکھتے ہیں۔
کاپی رائٹ Nestec Limited ©

شک یا اختلاف کی صورت میں انگلش ورژن کامل ہوگا

ڈیزائن

Nestec Limited، کارپوریٹ شناخت اور ڈیزائن
Vevey، سوئٹزرلینڈ

تخلیق کار

الٹاویہ سوئس Altavia Swiss

کاغذ

یہ رپورٹ BVS کاغذ پر چھپی ہوئی ہے، یہ کاغذ بہترین تیار کئے گئے جنگلات
اور دیگر کنٹرول ذرائع سے Forest Stewardship Council (FSC)
سے تصدیق شدہ ہے۔

myclimate
neutral
Printed Matter
No. 01-10-902282 - www.myclimate.org
© myclimate - The Climate Protection Partnership

FSC
Mixed Sources
Product group from well-managed forests and other controlled sources
www.fsc.org Cert no. SQS-COC-100038
© 1996 Forest Stewardship Council

# کاروباری امور کے دس اصول

| خریدار | | | انسانی حقوق اور مزدور طبقہ کے ساتھ سلوک | تمام سٹاف |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 |
| غذائیت، صحت اور تندرستی | کوالٹی اشورنس اور محفوظ مصنوعات | صارفین کی معلومات | ہماری کاروباری سرگرمیوں میں انسانی حقوق کا احترام | قیادت اور ذاتی ذمہ داری |
| نیسلے اصول برائے صارفین روابط | نیسلے کوالٹی پالیسی | غذائیت، صحت اور تندرستی پر نیسلے اصول | ILO کنونشنز: 87، 132، 182* | نیسلے انتظام اور قیادت کے اصول |
| غذائیت اور صحت کے دعوی پر نیسلے اصول | نیسلے غذائیت کے معیار کی پالیسی | | اقوامِ متحدہ گلوبل کمپیکٹ | نیسلے کوڈ برائے کاروباری طرزِ عمل |
| نیسلے غذائی تجزیوں کا نظام | | | بچوں کے حقوق کے اقوامِ متحدہ کے کنونشن: مضمون 32* | نیسلے پالیسی برائے انسانی وسائل |
| نیسلے غذائی احاطہ | | | OECD ہدایات برائے کثیر ملکی انٹر پرائزز 2000* | |
| ماں کے دودھ کے متبادل کے W.H.O. بین الاقوامی مارکیٹنگ کے کوڈ * | | | کثیر ملکی انٹر پرائزز 2006 پر ILO ڈکلریشن* | |
| نیسلے رازداری پالیسی | | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | | سپلائرز اور صارفین | | ماحولیات |
| 6 | 7 | 8 | 9 | 10 |
| ملازمین کا تحفظ اور صحت | سپلائرز اور کسٹمرز کے ساتھ تعلقات | زراعت اور دیہی ترقی | ماحولیاتی تحفظ | پانی |
| کام پر حفاظت اور صحت کی پالیسی | نیسلے سپلائرز کوڈ | ماحولیاتی استحکام پر نیسلے پالیسی | ماحولیاتی استحکام پر نیسلے پالیسی | ماحولیاتی استحکام پر نیسلے پالیسی<br>پانی پر نیسلے کمٹمنٹ |

* بیرونی حوالہ

# فہرست

3 چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کا پیغام

4 ماحول دوستی استحکام کی بنیاد اور مشترکہ مفادات کا قیام

5 کاروباری امور کے دس اصول

خریدار

1 غذائیت، صحت اور تندرستی

2 کوالٹی اشورنس اور محفوظ مصنوعات

3 صارفین کی معلومات

انسانی حقوق اور مزدور طبقہ کے ساتھ سلوک

4 ہماری کاروباری سرگرمیوں میں انسانی حقوق کا احترام

تمام سٹاف

5 قیادت اور ذاتی ذمہ داری

6 ملازمین کا تحفظ اور صحت

سپلائرز اور صارفین

7 سپلائرز اور کسٹمرز کے ساتھ تعلقات

8 زراعت اور دیہی ترقی

ماحولیات

9 ماحولیاتی تحفظ

10 پانی

8 کارپوریٹ پالیسیوں کی تفصیلات اور متعلقہ لنکس

8 خریدار

9 انسانی حقوق اور مزدور طبقہ کے ساتھ سلوک

10 ہمارے لوگ

11 سپلائرز اور صارفین

12 ماحولیات

13 آڈیٹنگ

# چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کا پیغام

نیسلے کارپوریٹ بزنس کے اصول ہماری کمپنی کے کلچر کی بنیاد ہیں، جو 140 سال کے عرصے میں پروان چڑھا ہے۔ جس دن ہینری نیسلے نے پہلی مرتبہ بچوں کا کامیاب سیریل "Farine lactee" تیار کیا تھا، اسی دن سے ہم نے اپنے بزنس کو اس بنیادی اصول پر قائم کیا تھا کہ شیئر ہولڈرز کی دیرپا کامیابی کے لئے ہم نہ صرف قانونی ضروریات کو پورا کرتے ہیں اور اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ ہماری تمام سرگرمیاں ماحول دوست ہوں، بلکہ ہمیں معاشرے کے لئے بھی اہم مفادات پیدا کرنا ہوتے ہیں۔ نیسلے میں ہم اسے مشترکہ ویلیو (Creating Shared Value) کا نام دیتے ہیں۔

اگرچہ ہمارے نیسلے کارپوریٹ بزنس کے اصول ایک مکمل دستاویز کے طور پر 1998 میں پہلی مرتبہ شائع ہوئے، البتہ پہلے ہی ان میں سے بہت سے انفرادی طور پر کئی سال پہلے قائم ہو چکے تھے۔ بزنس کے یہ اصول مضبوطی سے قائم ہونے کے ساتھ ساتھ، بدلتی دنیا کے مطابق ڈھلتے رہتے ہیں۔ مثال کے طور پر، United Nations Global Compact کے بننے کے فوراً بعد نیسلے نے انہیں بزنس کے اصولوں میں شامل کر لیا اور آج بھی ان پر کاربند ہے۔

یہ نیا شمارہ پچھلے دونوں شماروں سے مختلف ہے کیونکہ بزنس آپریشنز کے ان دس اصولوں کو خصوصی طور پر آن لائن اصولوں، پالیسیوں، سٹینڈرڈز اور رہنما قوانین کے ساتھ لنک کیا گیا ہے۔ اس کے ذریعے ہر اصول کی سٹیٹمنٹ نسبتاً مختصر بنا دی گئی ہے، جبکہ ہر اصول سے متعلق نافذ کی گئی تدابیر کی زیادہ تفصیل بھی ورلڈ وائیڈ ویب پر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ، پہلی مرتبہ قوانین کا نقشہ اور متعلقہ کمپنی اقدامات کا خلاصہ اس دستاویز کے آخر میں شامل کیا گیا ہے۔

ہم قوانین کی پاسداری کے ایک مضبوط کلچر کی اہمیت پر یقین رکھتے ہیں جو ہمارے بزنس کا اہم حصہ ہے۔ کارپوریٹ بزنس کے اصول اور اس سے متعلقہ دستاویزات ہمارے اس عہد کی عکاسی کرتے ہیں اور اس طرح نیسلے برانڈ کے کسٹمرز اور سٹیک ہولڈرز کے اعتماد کی حفاظت کرتے ہیں۔ ہمارے اندرونی اصول وضوابط نہ صرف قوانین کی سخت پاسداری کا مطالبہ کرتے ہیں، بلکہ یہ اصول ہر اس جگہ پر بھی ہماری مدد کرتے ہیں جہاں قانون ڈھیلا پڑ جائے یا جہاں کوئی قابلِ استعمال قانون موجود ہی نہ ہو۔ نیسلے کے لئے قوانین کی پاسداری محض ایک چیک لسٹ تک محدود نہیں۔ اس میں وہ تمام ٹھوس اصول شامل ہیں جو پوری کمپنی پر لاگو ہوتے ہیں اور ہمارے لوگوں کو واضح رہنمائی فراہم کرتے ہیں۔

نیسلے کا چیئرمین اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ہونے کے ناطے میں اس امر کو ممکن بنانے کا عہد کرتا ہوں کہ ہماری ساری کمپنی ان اصولوں کے تحت کام کرے اور میں دنیا بھر میں موجود اپنے ملازمین سے ان اصولوں کی پاسداری کی درخواست کروں گا۔ اس کے ساتھ ساتھ ہم مسلسل بہتری کے لئے بھی کوشاں ہیں اور کارپوریٹ بزنس پرنسپلز کے کسی بھی شعبے میں بیرونی مشاورت کو بھی خوش آمدید کہتے ہیں۔

پیٹر برابیک لتماتھے
بورڈ چیئرمین

پال بلکے
چیف ایگزیکٹو آفیسر

# ماحول دوستی استحکام کی بنیاد اور مشترکہ مفادات کا قیام

چونکہ نیسلے اصولوں پر قائم کی گئی کمپنی ہے، لہٰذا نیسلے کارپوریٹ کے کاروباری اصول ہمارے تمام امور کی بنیاد ہیں۔ نیسلے کارپوریٹ بزنس کے ہر اصول سے منسلک مخصوص پالیسیوں کی پاسداری تمام ملازمین پر بغیر کسی سمجھوتے کے لاگو ہے اور ان کو قابلِ عمل بنانے کی مسلسل نگرانی کی جاتی ہے۔

درج ذیل خاکے کے مطابق نیسلے کارپوریٹ بزنس کے اصول کمپنی کے ماحولیاتی طور پر پائیدار رہنے اور مشترکہ مفادات قائم کرنے کے معاملے میں بنیادی اہمیت کے حامل ہیں۔

مشترکہ مفادات کا قیام وہ بنیادی طریقہ ہے جس کے ذریعے ہم اپنا بزنس کرتے ہیں، جس کے مطابق اگر ہم سٹیک ہولڈرز کو دیرپا فوائد دینا چاہتے ہیں تو ہمیں سوسائٹی کے لئے بہتری کے امکانات پیدا کرنے ہوں گے۔ لیکن اگر ہم اپنے بزنس اصول کی پاسداری نہیں کریں گے تو ہم نہ تو ماحولیاتی طور پر ماحول دوست ہوسکیں گے اور نہ ہی سٹیک ہولڈرز اور سوسائٹی کے لئے مشترکہ مفادات پیدا کر سکیں گے۔

اس کے ساتھ ساتھ، مشترکہ مفادات پیدا کرنے کا تعلق محض اصولوں کی پاسداری اور سسٹین ایبلیٹی (Sustainability) سے نہیں۔ ہر وہ بزنس جو دوررس سوچ رکھتا ہے اور مضبوط بزنس قوانین کی پیروی کرتا ہے وہ اپنے شیئر ہولڈرز اور سوسائٹی کے لئے مشترکہ مفادات اپنی مختلف سرگرمیوں کے ذریعے سے پیدا کرتا ہے، یعنی، ورکرز کے لئے ملازمت کے مواقع فراہم کرکے، عوام کی خدمت کے لئے ٹیکس ادا کرکے اور دیگر معاشی سرگرمیوں کے ذریعے۔

البتہ مشترکہ مفادات پیدا کرنے کا امر اس سے ایک قدم آگے جاتا ہے۔ کمپنی شعوری طور پر ان تمام شعبہ جات کا موازنہ کرتی ہے جہاں ا)۔ شیئر ہولڈرز اور سوسائٹی کے مفادات ایک دوسرے کے غیر موافق ہوں۔ ب)۔ دونوں کے لئے مفادات پیدا کئے جاسکیں۔

نتیجتاً کمپنی ایسے شعبہ جات میں اپنے وسائل کی سرمایہ کاری کرتی ہے جہاں مشترکہ فوائد کے امکانات زیادہ ہوں، اور سوسائٹی کے متعلقہ سٹیک ہولڈرز سے مشترکہ اقدامات کی گزارش کرتی ہے۔

نیسلے میں ہم نے اپنی ویلیو چین (value chain) کا موازنہ کرتے ہوئے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ سوسائٹی کے ساتھ جن شعبہ جات میں مشترکہ مفادات قائم کرنے کے سب سے زیادہ امکانات ہیں وہ خوراک، پانی اور دیہی ترقی کے شعبے ہیں۔ یہ سرگرمیاں ہماری بزنس پلاننگ کا مرکز ہیں اور ان ممالک کے عوام کیلئے بہت اہم ہیں جن ممالک میں ہم کام کر رہے ہیں۔

ہم ان بیرونی سٹیک ہولڈرز کے تعاون اور پارٹنرشپ کی ہمیشہ تلاش میں رہتے ہیں جو ان شعبہ جات میں ایک مثبت تاثر پیدا کرنے کے امکانات رکھتے ہوں۔ چنانچہ، مشترکہ مفادات قائم کرنے کا مطلب خیرات وعطیات دینا نہیں۔ بلکہ اس کا مقصد ان ممالک میں مرکزی سرگرمیوں اور پارٹنرشپ کو سہارا دینا ہے جن ممالک میں ہم آپریٹ کر رہے ہیں۔

ایسا کرتے ہوئے نیسلے بزنس ڈویلپمنٹ کے تناظر میں دیرپا فوائد کو مدِنظر رکھتا ہے اور ان بیرونی سٹیک ہولڈرز کو خوش آمدید کہتا ہے جو اصولی رویے اور تعمیراتی سرگرمیوں کے حامی ہیں۔ ان بیرونی سٹیک ہولڈرز میں گورنمنٹ، ریگولیٹری اتھارٹیز، انٹر گورنمنٹل تنظیمیں، نان گورنمنٹل تنظیمیں، تعلیمی اور پیشہ ورانہ تنظیمیں اور مقامی لوگ شامل ہیں۔



# کاروباری امور کے دس اصول

## خریدار

### 1
### غذا، صحت اور تندرستی

ہمارا بنیادی مقصد ذائقے دار اور صحت بخش غذا اور مشروبات فراہم کرنے اور صحت مند لائف سٹائل کی حوصلہ افزائی کے ذریعے ہر روز، ہر جگہ اپنے کسٹمرز کا معیارِ زندگی بہتر بنانا ہے۔ ہم اس کا اظہارِ خیال اپنے بیان (Good Food, Good Life) کے ذریعے کرتے ہیں۔

### 2
### کوالٹی اشورنس اور محفوظ مصنوعات

دنیا کے ہر کونے میں نیسلے کا نام صارف کے لئے اس بات کی ترجمانی کرتا ہے کی ہماری مصنوعات محفوظ اور اعلیٰ معیار کی ضامن ہیں۔

### 3
### صارفین کی معلومات

ہم صارفین کو ذمہ دار اور قابلِ اعتماد معلومات فراہم کرنے پر یقین رکھتے ہیں جو صارفین کے باشعور انتخاب کے حق کو مضبوط بناتی ہے اور صحت بخش غذا کو فروغ دیتی ہے۔ ہم صارفین کی رازداری کا بھی خیال رکھتے ہیں۔

## انسانی حقوق اور مزدور طبقہ کے ساتھ سلوک

### 4
### ہماری کاروباری سرگرمیوں میں انسانی حقوق کا احترام

ہم لیبر اور انسانی حقوق کے رہنما اصولوں پر مبنی United Nations Global Compact (UNGC) کی بھرپور طریقے سے تائید کرتے ہیں اور اپنی تمام کاروباری سرگرمیوں میں لیبر اور انسانی حقوق کی بہترین مثال قائم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

## ہمارے لوگ

### 5
### قیادت اور ذاتی ذمہ داری

ہماری کامیابی ہمارے لوگوں کی وجہ سے ہے۔ ہم ایک دوسرے کے ساتھ احترام اور وقار کے ساتھ پیش آتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ہر کسی کے اندر ذاتی احساسِ ذمہ داری ہو۔ ہم ان قابل اور پر جوش لوگوں کو رکھتے ہیں جو ہماری اقدار کا احترام کرتے ہیں، انکی فلاح اور ترقی کے لئے مواقع فراہم کرتے ہیں، انکی پرائیویسی کی حفاظت کرتے ہیں اور کسی قسم کی ایذادہی اور غیر مساوی سلوک برداشت نہیں کرتے۔

### 6
### ملازمین کا تحفظ اور صحت

ہم کام سے متعلقہ حادثات، تکالیف اور بیماریوں سے بچاؤ کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اپنے ملازمین، کنٹریکٹرز اور ویلیو چین (Value Chain) میں موجود دیگر افراد کا تحفظ کرتے ہیں۔

## سپلائرز اور صارفین

# 7

### سپلائرز اور صارفین کے ساتھ تعلقات

ہم اپنے سپلائرز، ایجنٹس، سب کنٹریکٹرز اور ان کے ملازمین سے دیانتداری، وقار اور ایمانداری کی توقع کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ وہ ہمارے non-negotiable standards کا خیال رکھیں۔ اسی طرح ہم اپنے کسٹمرز کی خدمت میں بھی کوشاں رہتے ہیں۔

# 8

### زراعت اور دیہی ترقی

ہم زرعی پیداوار، کسانوں کے معاشی اور معاشرتی حالات، دیہی علاقوں اور پیداواری معاملات کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں تاکہ انہیں ماحولیاتی طور پر مزید بہتر بنایا جا سکے۔

## ماحولیات

# 9

### ماحولیاتی تحفظ

ہم ماحولیاتی طور پر محفوظ بزنس کے حامی ہیں۔ پراڈکٹ لائف سائیکل کے تمام مراحل پر ہماری کوشش ہوتی ہے کہ ہم قدرتی وسائل احتیاط سے استعمال کریں، قابلِ استعمال وسائل کو ترجیح دیں اور فاضل مادہ کم سے کم پیدا کریں۔

# 10

### پانی

ہم پانی کے محتاط استعمال کے حامی ہیں اور پانی کا بہتر انتظام ہماری کاوش کا اہم حصہ ہے۔ ہمیں اس بات کا احساس ہے کہ دنیا پانی کے بڑھتے ہوئے شدید مسائل سے دوچار ہے اور پانی کے تمام صارفین کے لئے دنیا کے وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال کرنا بہت ضروری ہے۔

# کارپوریٹ پالیسیوں کی تفصیلات اور متعلقہ لنکس

## خریدار

1

### غذا، صحت اور تندرستی

ہمارا بنیادی مقصد ذائقے دار اور صحت بخش خوراک اور مشروبات فراہم کرنے اور صحت مند لائف سٹائل کی حوصلہ افزائی کے ذریعے ہر روز، ہر جگہ اپنے کسٹمرز کا معیارِ زندگی بہتر بنانا ہے۔ ہم اس کا اظہارِ خیال اپنے بیان Good Food, Good Life کے ذریعے کرتے ہیں۔

خوراک، صحت اور تندرستی کا عزم لئے، ہم اپنی مصنوعات کی غذائی اہمیت بڑھانے کے ساتھ ساتھ ان کا ذائقہ اور لذت بہتر بنانے کے لئے ہر دم کوشاں رہتے ہیں۔ اسکے علاوہ ہم برانڈ کے بارے میں معلومات بھی فراہم کرتے ہیں جس کے ذریعے ہمارے کسٹمرز اپنی خوراک کا شعوری طور پر انتخاب کر سکتے ہیں۔

برائے مہربانی www.nestle.com/policies پر جا کر، Nestle Principles on Nutrition, Health and Wellness کا مطالعہ کیجئے۔

2

### کوالٹی اشورنس اور محفوظ مصنوعات

دنیا کے ہر کونے میں نیسلے کا نام صارف کے لئے اس بات کی ترجمانی کرتا ہے کہ ہماری مصنوعات محفوظ اور اعلیٰ معیار کی ضامن ہیں۔

ہمارا عزم ہے کہ ہماری محفوظ مصنوعات پر کوئی سمجھوتا نہیں۔ ہماری کوالٹی پالیسی اعلیٰ معیار برقرار رکھنے کے ہمارے اس عہد کا خلاصہ ہے:

- صارفین کی توقعات اور ضروریات کے مطابق مصنوعات اور خدمات فراہم کر کے ان میں اعتماد پیدا کرنا۔
- محفوظ مصنوعات، کوالٹی اور ریگولیٹری ضروریات کی (اندرونی اور بیرونی) معیاری تقاضوں کو پورا کرنا۔

کوالٹی ہر کسی کا عزم ہوتا ہے۔ ہم اپنے آپ کو مسلسل چیلنج کرتے رہتے ہیں تاکہ ہم بہترین معیار حاصل کرنے کے لئے لگاتار کوشش کرتے رہیں۔ ہم ان تمام ممالک میں یکساں معیار برقرار رکھتے ہیں جہاں ہم سرگرمِ عمل ہیں۔

ہم اپنے Quality Management System کے ذریعے اعلیٰ معیار کی مصنوعات فراہم کرنے کو ممکن بناتے ہیں۔

برائے مہربانی www.nestle.com/policies پر جا کر Nestle Quality Policy کا مطالعہ کیجئے۔

3

### صارفین کی معلومات

ہم صارفین کو ذمہ دار اور قابلِ اعتماد معلومات فراہم کرنے پر یقین رکھتے ہیں جو صارفین کے باشعور انتخاب کے حق کو مضبوط بناتی ہے اور صحت بخش خوراک کے استعمال کو فروغ دیتی ہے۔ ہم صارفین کی رازداری کا بھی خیال رکھتے ہیں۔

ہماری بنیادی بزنس پالیسی کا مقصد صارفین کو متوازن اور صحت بخش غذا فراہم کرنا ہے۔ Nestle Consumer Communication Principles میں تمام صارفین کو مارکیٹنگ سے متعلقہ معلومات فراہم کرنے کے لازمی قوانین موجود ہیں، جس میں غذا کی درست ترجمانی اور عکاسی اس صورت میں کی جاتی ہے جس سے مصنوعات کا ضرورت سے زیادہ استعمال بھی نہ ہو۔ اس کے ساتھ ساتھ، بچوں کو معلومات فراہم کرنے کے معاملے میں بھی ہماری مخصوص گائیڈلائن موجود ہے، جس میں شامل ہے کہ 6 سال سے کم عمر بچوں کے لئے کسی قسم کی مارکیٹنگ اور تشہیری سرگرمی نہیں کی جائے گی۔ 6 سے 12 سال کی عمر کے بچوں کے لئے صرف ان مصنوعات کی تشہیر کی جاسکتی ہے جو پہلے سے مختص کئے گئے غذائی معیار پر پورا اترتے ہوں، ان میں توانائی اور صحت کے معاملے میں حساس اجزاء کے متعلق واضح حدود درج ہوں جیسے شوگر، نمک، سچوریٹڈ فیٹس (Saturated Fats) اور ٹرانس فیٹی ایسڈز (Trans Fatty Acids)۔ بچوں کی مصنوعات کے معاملے میں معلومات فراہم کرتے وقت ہمارا مقصد ہوتا ہے کہ ان مصنوعات کے لئے کی گئی تشہیر گمراہ نہ کرے، والدین کے اختیارات کو پامال نہ کرے، کامیابی کی غیر یقینی توقعات پیدا نہ کرے، بے چینی کی کیفیت پیدا نہ کرے اور نہ ہی کم قیمت کے جھانسے میں رکھے۔

غذائیت اور صحت کے دعوی پر نیسلے پالیسی (Nestle Policy on Nutrition & Health Claims) سائنسی طور پر کئے گئے ہمارے دعووں سے متعلقہ سرگرمیوں کو درست راستے پر لے کر جائے۔

برائے مہربانی www.nestle.com/policies پر جا کر Nestle Consumer Principles Communication، (Nestle Policy on Nutrition and Health Claims) اور (Nestle Nutritional Profiling System) کا مطالعہ کیجئے۔

### نومولود بچوں کی مصنوعات کی مارکیٹنگ

ہم ہر اس چیز کو فروغ دیتے ہیں جو نومولود بچوں کی زندگی کے بہترین آغاز کے لئے ضروری ہے۔ اس سے مُراد کہ ہم ماں کے دودھ کے متبادل کے طور پر تیار کی جانے

# لیبر اور انسانی حقوق

4

## ہماری کاروباری سرگرمیوں میں انسانی حقوق کا خیال

ہم لیبر اور انسانی حقوق کے رہنما اصولوں پر مبنی (United Nations Global Compact (UNGC) کی بھرپور طریقے سے تائید کرتے ہیں اور اپنی تمام کاروباری سرگرمیوں میں لیبر اور انسانی حقوق کی بہترین مثال قائم کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔

ہم:

- اپنے اختیارات کی حدود میں عالمی انسانی حقوق کا احترام کرتے ہیں اور انہیں فروغ دیتے ہیں (UNGC Principle 1)
- اس بات کا خیال رکھتے ہیں کہ انسانی حقوق کو پامال کرنے میں کسی صورت ملوث نہ ہوں (UNGC Principle 2)
- بچوں کی ہر قسم کے استحصال کے خلاف ہیں
- پرائیوسی (Privacy) کو انسانی حقوق کا حصہ تصور کرتے ہیں
- ہماری کمپنیوں میں سے ہر ایک کمپنی سے یہ توقع کرتے ہیں کہ وہ انسانی حقوق سے متعلق مقامی قوانین اور اصولوں کی پابندی کرے۔ جہاں ہمارے ذاتی قوانین مقامی قوانین سے زیادہ سخت ہوں، وہاں ہم زیادہ معیاری اصول کی پیروی کرتے ہیں
- اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ کمپنیوں کو انسانی حقوق کا احترام کرنا چاہیئے اس بات کی پرواہ کئے بغیر کہ انسانی حقوق کی پابندی کے لئے قانونی ڈھانچہ تیار کرنا حکومتی ذمہ داری ہوتی ہے۔

ہم برقرار رکھتے ہیں:

- ایسوسی ایشن کی خودمختاری اور اجتماعی سودے بازی کے حق کا مکمل خیال (UNGC Principle 3)
- ہر قسم کی جبراً مزدوری کو جڑ سے ختم کرنا (UNGC Principle 4)
- چائلڈ لیبر (بچوں سے کرائی جانے والی مزدوری) کا مکمل خاتمہ (UNGC Principle 5)
- ملازمت کے مواقعوں میں غیر مساوی سلوک کا سدِ باب

ہم انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن (International Labour Organisation) کے آٹھ بنیادی اصولوں کے پابند ہیں، خصوصاً کنونشن 87، (Freedom of Association and) (Protection of the Right to Organise (1984) کے ساتھ ساتھ کنونشن 183، (Minimum Age for Employment) اور کنونشن 182، (Worst Forms of Child Labour) جن کی بنیاد United Nations Convention of the Rights of the Child) (Article 32) پر ہے)۔ اس کے ساتھ ساتھ، ہم Tripartite) (Declaration of Principles کے بھی پابند ہیں جس کا تعلق مارچ 2006 کے Multinational Enterprise and) (Social Policy (ILO) اور جون 2000 کے OECD Guidelines) (for Multinational Enterprises سے ہے۔

والی مصنوعات کے مقابلے میں ماں کے اصل دودھ کو فروغ دیتے ہیں۔ ان لوگوں کے لئے جنہیں ماں کے دودھ کا متبادل استعمال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، ہمارا مقصد ہے کہ ہم انہیں ایسی مصنوعات فراہم کریں جو عالمی معیار کے مطابق ہوں، نسبتاً ان مصنوعات کے جو ماں کے دودھ کے متبادل کے طور پر نامناسب اور خطرناک ہیں، جیسے کہ ہول مِلک۔ مارکیٹ میں موجود ان مصنوعات کے مقابلے میں جن میں نامناسب غذائی اجزاء موجود ہوتے ہیں اور جو نومولود بچوں کے لئے ناکافی ہوتے ہیں ہمارا مقصد سیریل، بے بی فوڈ اور دودھ کی متبادل مصنوعات فراہم کرنا ہے جو مناسب نشونما میں مدد دیتے ہیں۔

نومولود بچوں کے لئے ہماری فوڈ مارکیٹنگ، ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن (WHO) کے انٹرنیشنل کوڈ آف مارکیٹنگ آف بریسٹ مِلک سبسیٹوٹس (International Code of Marketing of Breast-Milk Substitutes کے عین مطابق ہے، جو WHO کے ہر ممبر مُلک نے لاگو کر رکھی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ، ترقی پزیر ممالک میں ہم نے رضا کارانہ طور پر اس کوڈ کو لاگو کر رکھا ہے، خواہ وہاں کی حکومت اس پر عمل درآمد کرتی ہو یا نہیں۔ ہم خود اپنی سرگرمیوں کی نگرانی کرتے ہیں خواہ وہاں کی حکومت نے اس امر کے لئے کوئی نگران ادارہ قائم کیا ہو یا نہیں۔ نیسلے کی طرف سے WHO کے قوانین کی پابندی سوشل آڈیٹنگ کمپنیوں کی طرف سے لگاتار آڈیٹ کی جاتی ہے جس کی اشاعت شدہ رپورٹس عوام الناس کے لئے دستیاب ہیں۔

## ہمارے لوگ

## 5

### لیڈر شپ اور ذاتی ذمہ داری

ہماری کامیابی ہمارے لوگوں کی وجہ سے ہے۔ہم ایک دوسرے کے ساتھ احترام اور وقار کے ساتھ پیش آتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ہر کسی کے اندر ذاتی احساسِ ذمہ داری ہو۔ہم ان قابل اور پر جوش لوگوں کو رکھتے ہیں جو ہماری اقدار کا احترام کرتے ہیں، انکی فلاح اور ترقی کے لئے مواقع فراہم کرتے ہیں، انکی پرائیویسی کی حفاظت کرتے ہیں اور کسی قسم کی ایذا دہی اور غیر مساوی سلوک برداشت نہیں کرتے۔

#### نیسلے کی مینجمنٹ اور لیڈر شپ کے قوانین

ہمارے (Management and Leadership Principles) ان تمام بنیادی اقدار اور کمپنی کلچر کو بیان کرتے ہیں جن کی ہم اپنے ملازمین سے توقع کرتے ہیں، ساتھ ہی ساتھ ان خوبیوں کا ذکر بھی شامل ہے جو مینجمنٹ اور لیڈر شپ میں کامیابی کے لئے ضروری ہیں۔ برائے مہربانی www.nestle.com/policies پر جا کر (The Nestle Management and Leadership Principles) کا مطالعہ کیجئے۔

#### نیسلے بزنس کے اصول وضوابط

ہمارے کوڈ آف کنڈ کٹ (Code of Business Conduct) ملازمین کے طرزِ عمل سے متعلقہ اہم شعبہ جات کے ان مخصوص اصولوں کو ظاہر کرتا ہے جن پر کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں، جن میں قانون کی پابندی، مفادات کا اختلاف، بے اعتمادی اور کاروباری ایمانداری، رشوت، کرپشن (UNCG Principle 10)، غیر متوازی سلوک اور ایذا دہی اور وقار شامل ہیں۔ہم مقابلے پر یقین رکھتے ہیں اور ہر قسم کی صورتِ حال میں باوقار رویہ اختیار کرتے ہیں۔ برائے مہربانی www.nestle.com/policies پر جا کر The Nestle Code of Business Conduct کا مطالعہ کیجئے۔

ہماری انسانی حقوق کی پالیسی ایک دوسرے کے لئے باہمی احترام پر مبنی، یقین اور شفافیت کے طور پر بیان کرتی ہے اور باہمی بات چیت اور تعاون کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔اور ہم یہ بھی یقین رکھتے ہیں کہ ہماری طویل مدتی کامیابی، ملازمین کو حفاظت سے اور بہترین اور صحیح رکھنے کی صلاحیت پر منحصر ہے۔

ہم ملازمین کے حقوق کے بارے میں بین الاقوامی کنونشن کا احترام کرتے ہیں، جیسے کہ اصل، قومیت، مذہب، نسل، جنس، عمر یا جنسی بنیاد پر زبانی یا جسمانی اذیت دہی کی کسی بھی قسم کی یا کوئی اور وجہ سے مندرجہ بالا وجوہات کو برداشت نہیں کرتے۔ہم اپنے ملازمین کی ایسوسی ایشن کی آزادی اور یونین یا اسی طرح کی دوسری ایسوسی ایشنز کو (UNGC Principle 3) کے ذریعے ان کے اجتماعی حق کو مؤثر طریقے سے برقرار رکھتے ہیں۔ہم اپنے ملازمین کی پرائیویسی کے حق کا احترام کرتے ہیں۔

## 6

### ملازمین کا تحفظ اور صحت

ہم کام سے متعلقہ حادثات اور بیماریوں سے بچاؤ کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اپنے ملازمین، کنٹریکٹرز اور ویلیو چین (Value Chain) میں موجود دیگر افراد کا تحفظ کرتے ہیں۔

ہماری، کام پر حفاظت اور صحت کی پالیسی (Policy on Safety and Health at Work) کے ذریعے ہم اپنے کمپنی کلچر میں تحفظ کی ترجیح پر کوئی سمجھوتا نہیں کرتے۔ہم احساس رکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ہر شخص ایک محفوظ اور صحتمند ماحول پیدا کرنے میں موثر کردار ادا کرے، اور ملازمین، کنٹریکٹرز اور ان تمام لوگوں میں، جن کا ہمارے بزنس سے تعلق ہے، صحت اور تحفظ کے متعلق معلومات اور شعور اجاگر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ہم (Nestle Occupational Safety and Health Management System) کے ذریعے اپنی کارکردگی کی نگرانی کرتے ہیں تا کہ ایک محفوظ اور صحتمند ملازمت کو ممکن بنایا جا سکے۔

برائے مہربانی www.nestle.com/policies پر جا کر Nestle Policy on Safety and Health at Work کا مطالعہ کریں۔

# سپلائرز اور صارفین

## 7

### سپلائرز اور صارفین کے ساتھ تعلقات

ہم اپنے سپلائرز، ایجنٹس، سب کنٹریکٹرز اور ان کے ملازمین سے دیانتداری، وقار اور ایمانداری کی توقع کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ وہ ہمارے non-negotiable standards کا خیال رکھیں۔ اسی طرح ہم اپنے کسٹمرز کی خدمت میں بھی کوشاں رہتے ہیں۔

The Nestle Supplier Code ان کم سے کم معیاری قوانین کو واضح کرتا ہے جن کی پابندی کی گزارش ہم اپنے سپلائرز، ایجنٹس، سب کنٹریکٹرز اور ان کے ملازمین سے کرتے ہیں۔ Supplier Code میں کاروباری وقار، ماحول دوست آپریشن اور زرعی سرگرمیاں، لیبر سٹینڈرڈز، تحفظ، صحت اور ماحولیاتی سرگرمیوں سے متعلق مطالبات شامل ہیں۔

Supplier Code کے عمل درآمد کو ممکن بنانے کے لئے ہم اپنے سپلائرز کی اس Code کی پابندی کے امر کی نگرانی کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں۔

برائے مہربانی www.nestle.com/policies پر جا کر Nestle Supplier Code کا مطالعہ کیجئے۔

## 8

### زراعت اور دیہی ترقی

ہم زرعی پیداوار، کسانوں کے معاشی اور معاشرتی حالات، دیہی علاقوں اور پیداواری نظام کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں تا کہ انہیں ماحولیاتی طور پر مزید بہتر بنایا جا سکے۔

اس بات کو ممکن بنانے کے لئے کہ ہماری فیکٹریاں خام مال تقابلے کے ساتھ، مطلوبہ معیار اور باحفاظت حاصل کریں ہم:

ماحول دوست زرعی سرگرمیاں اور نظام قائم کرنے میں مشغول رہتے ہیں، جو مصنوعات کو دیرپا اور مفید بنائیں، کسانوں کے لئے قابلِ یقین آمدنی پیدا کریں اور سپلائرز کو زرعی معلومات فراہم کرنے میں مدد دیں۔

ہم زرعی سائنس میں جدید ٹیکنالوجی اور ترقی کو عمل میں لانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، جس میں بائیو سائنسز کی طرف سے پیش کئے جانے والے مواقع بھی شامل ہیں (جب ان کے غذائی تحفظ، ماحول، زرعی طریقہ کار اور مصنوعات کی کارکردگی کی صارفین کی طرف سے تصدیق اور منظوری ہو جائے)۔

Sustainable Agriculture Initiative Nestle (SAIN) فارمنگ سسٹم میں ہمارے ہر عمل کی رہنمائی کرتی ہے جن سے زرعی طریقہ کار، دیہی ترقی اور ایسے اعمال اور طریقہ کار حاصل کرنے میں مدد ملتی ہے جن سے دیرپا فوائد حاصل ہوں۔

برائے مہربانی www.nestle.com/policies پر جا کر The Nestle) (Policy on Environment Sustainability کا مطالعہ کریں۔

# ماحولیات

## 9
### ماحولیاتی تحفظ

ہم ماحولیاتی طور پر محفوظ بزنس کے حامی ہیں۔ پراڈکٹ لائف سائیکل کے تمام مراحل پر ہماری کوشش ہوتی ہے کہ ہم قدرتی وسائل احتیاط سے استعمال کریں، قابلِ استعمال وسائل کو ترجیح دیں اور فاضل مادہ کم سے کم پیدا کریں۔

ہم اپنی ماحولیاتی کارکردگی کو بہتر بنانے کے لئے مسلسل سرمایہ کاری کرتے ہیں۔ The Nestle Policy on Environmental Sustainability ماحولیات پر مبنی (United Nations Global Compact) کے تین رہنما اصولوں (Principles 7, 8 and 9) کو اپنا حصہ بناتی ہے۔

ہم پراڈکٹ لائف سائیکل (Product Life Cycle) کے ویژن کے ساتھ کام کرتے ہیں جس میں ہم اپنے پارٹنرز کو فارم سے صارف تک پر اس میں شریک رکھتے ہیں تاکہ ہماری مصنوعات اور سرگرمیوں کا ماحول پر کم سے کم اثر پڑے۔ ہماری ترجیحات میں شامل ہیں پانی، زرعی خام مال، مصنوعات کی تیاری اور ترسیل اور پیکیجنگ۔ ہم اپنی پالیسی Nestle Environmental Management کے ذریعے قابل عمل بناتے ہیں

ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ماحولیاتی کارکردگی ایک مشترکہ ذمہ داری ہے اور سوسائٹی کے تمام حصوں کا تعاون چاہتی ہے۔ ہم اپنے دائرہ اختیار میں قیادت قائم رکھنے کے لئے کوشاں ہیں۔

برائے مہربانی www.nestle.com/policies پر جا کر The Nestle) (Policy on Environmental Sustainability کا مطالعہ کریں۔

## 10
### پانی

ہم پانی کے محتاط استعمال کے خواہاں ہیں اور پانی کا بہتر انتظام ہماری کاوش کا اہم حصہ ہے۔ ہمیں اس بات کا احساس ہے کہ دنیا پانی کے بڑھتے ہوئے شدید مسائل سے دوچار ہے اور پانی کے تمام صارفین کے لئے دنیا کے وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال کرنا بہت ضروری ہے۔

نیسلے کے لئے پانی ایک مخصوص شعبہ ہے۔ The Nestle Commitments on Water پانی کے ذمہ دارا استعمال سے متعلق ہماری ترجیحات اور مقاصد کا احاطہ کرتا ہے۔ اس کے ذریعے ہمیں اپنے روزمرہ امور میں پانی کا کم سے کم استعمال کرنے میں مدد ملتی ہے، اس بات کو ممکن بناتی ہے کہ ہماری سرگرمیاں مقامی پانی کے ذخائز کا خیال رکھیں، خیال رکھتے ہیں جو پانی ہم ماحول میں خارج کرتے ہیں وہ صاف ہو، سپلائرز، خصوصاً کسانوں کے ساتھ مل کر پانی کے محتاط استعمال کو فروغ دیتے ہیں اور دوسروں کو بھی پانی کے محتاط استعمال کی تلقین کرتے ہیں۔ نیسلے United Nations Global Compact ) (CEO Water Mandate کے سب سے پہلے سگنیٹری میں سے ایک ہے۔

# آڈیٹنگ

نیسلے کارپوریٹ کے کاروباری اصول (The Nestle Corporate
Business Principles) نیسلے کے تمام منیجرز اور ملازمین کے لئے لازمی
سٹیٹمنٹ ہے اور اسے کاروباری منصوبہ بندی، آڈیٹنگ اور کارکردگی کے جائزے کا
حصہ بنایا جائے گا۔

نیسلے کارپوریٹ کے کاروباری اصول، مخصوص پالیسیوں اور حوالہ قوانین کے ساتھ
منسلک ہیں، جہاں ان پر عمل درآمد کے اصول واضح ہیں۔ نیسلے کے اصولوں اور
پالیسیوں کا مطالعہ کیجئے جہاں متعلقہ پالیسیوں اور لنکس کا حوالہ موجود ہے۔
(فرنٹ کور کا اندرونی حصہ)

نیسلے کی کارپوریٹ کاروباری اصولوں پر عمل درآمد کی اس کے اندرونی
آڈیٹرز واضح آڈیٹنگ احکامات پر مسلسل نگرانی کرتے ہیں جنہیں تمام ملازمین
کے حوالے کے لئے نیسلے ایس۔اے (.Nestle S.A) انٹرانیٹ (Intranet)
پر شائع کیا جاتا ہے۔ انسانی حقوق، تحفظ، صحت، ماحول اور کاروباری وقار پر عمل
درآمد کو ایک بیرونی آڈیٹ نیٹ ورک پر منحصر کیئر پروگرام (Care Programme)
کے ذریعے آڈیٹ کیا جاتا ہے۔ مشترکہ ویلیو بنانے (Creating Shared Value)
پر تیار کی گئی ہماری رپورٹس کی درستگی خودمختار بیرونی آڈیٹرز آڈیٹ کرتے ہیں۔
ہمارے بیرونی آڈیٹرز KPMG جب نیسلے کے اندرونی کنٹرول سسٹم کے
بارے میں معلومات حاصل کریں تو ان کے لئے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ
کارپوریٹ کاروباری اصول (Business Principles Corporate)
اس گروپ کے کارپوریٹ گورننس کے ڈھانچے میں کس قدر موثر ہیں۔

حاصل ہونے والی معلومات اور سفارشات بورڈ آڈٹ کمیٹی (Board Audit
Committee) کے ذریعے نیسلے ایس۔اے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز
(Nestle S.A. Board of Directors) کو پیش کی جائیں گی۔

